# قادیانیت

''قادیانی مذہب عالم اسلامی کے جسم کا وہ مادۂ فاسد ہے جو اس کے شریانوں میں بے غیرتی اور بزدلی، مغربی سامراجیوں کے حضور جبہ سائی اور کاسہ لیسی اور ان ظالم حکمرانوں کے لیے تذلل اور نیازمندی کا زہر پھیلاتا ہے جنھوں نے اللہ کی زمین کو جور و فساد سے بھر دیا، اور دنیا کے مسلمانوں کو اپنی غلامی کے شکنجہ میں کس لیا ہے۔ یہ وحدت کلمہ کو پارہ پارہ کر کے دنیائے اسلام کو انتشار فکر میں مبتلا کرتی ہے، اسلام کے حقیقی سرچشموں، اس کے اصلی ماخذوں اور مستند بزرگوں پر اعتماد کو متزلزل کرتی ہے، امت کے شاندار ماضی، اس کے تابناک ایام اور جلیل القدر اشخاص سے امت کا رشتہ کاٹتی ہے اور نبوت کے نئے نئے دعویداروں اور طفیلیوں کے لیے راہ ہموار کرتی ہے، اور وہ اسلام کی لازوال طاقت اور سدا بہار زندگی سے بدگمان کرتی ہے اور مسلمانوں کو ان کے مستقبل کی طرف سے مایوس کرتی ہے۔

قادیانیت کا مسئلہ کسی ایک ملک یا حکومت کا مسئلہ نہیں ہے، یہ پوری دنیائے اسلام کا مسئلہ ہے، یہ عقیدۂ اسلامی کا سوال ہے، عزت رسول کا سوال ہے! شرف انسانیت کا سوال ہے، اور اس کرّۂ ارض میں ایک ذرہ خیر نہیں اگر یہ عقیدہ مٹ جاتا ہے، اگر اس عزت کو ہاتھ لگایا جاتا ہے اور اگر اس شرف کو داغدار کیا جاتا ہے!!''

**قادیانیت - اسلام اور نبوت محمدی کے خلاف ایک بغاوت**

**صفحہ ۲۷ - ۲۸**

www.abulhasanalinadwi.com